© rasailojaraid.com



موجودہ دُنیا میں "اسلام" ہی نے "تبلیغی مذہب" کی یہ کہکر یہ بنیاد رکھی تھی کہ "تم حسین ترین اُمّت ہو اس لئے کہ تم بھلائیوں کو نافذ کرتے ہو۔ بُرائیوں کی راہ بند کرتے ہو اور اللہ پر یقین کامل رکھتے ہو"۔ لیکن واقعہ یہ ہے کہ آج ساری دنیا میں اگر کوئی غیر تبلیغی مذہب ہے وہ اسلام ہی ہے! عیسائیت آج اپنا پیغام ساری دنیا کی قوموں کو ان کی اپنی زبان میں اس طرح پہنچا رہی ہے کہ اگر کسی کا پتہ انھیں مل جاتا ہے تو فوراً ان کا لٹریچر بلاقیمت آنا شروع ہو جاتا ہے۔ حد یہ ہے کہ آج دُور اُفتادہ امریکہ میں بدھ مت اور ہندو مت کے تبلیغی مرکز قائم ہو رہے ہیں اور یہ سارے مذاہب اور ان کے اصحاب خیر اپنی دولت اس مہم میں جھونک کر ان کے اصحاب قلم کو مفت مذہبی لٹریچر پھیلانے میں بھرپور تعاون کر رہے ہیں اور ہمارا اپنا حال یہ ہے کہ ہماری تبلیغ کی ساری دوڑ دھوپ مسجد تک ہو کر رہ گئی یا قلمی راہ سے مسلمانوں کیلئے اردو ہندی میں کچھ رسالے نکالنے اور کتابیں چھاپنے سے شروع ہو کر وہیں کی وہیں ختم ہو گئی ۔ اسلام سے محروم انسان انسانیت کا پورا سمندر ہماری تبلیغی رسائی سے دُور ہو کر رہ گیا۔ ہمارے پاس کوئی ایک بھی ایسا ادارہ نہیں کہ جو مختلف قوموں کی نفسیات کے مطابق ان کی اپنی زبانوں میں مفت لٹریچر شائع کرتا اور تقسیم کر سکتا ہو۔

خدا کا کس طرح شکر ادا کیا جائے کہ اس نے انتہائی بے سروسامانی کی حالت میں ہندی میں اسی مقصد کیلئے ماہنامہ "مارگ دیپ" نکالنے کی توفیق بخشی اور بہت جلد اس کو ان دردمندانِ انسانیت کی بارگاہ میں باریابی اور اس مقصد کی پکار بلند کرنے کی راہ دکھائی۔

اب ___ ہم اس حقیر آواز کے ذریعہ ان تمام انسانوں کو ان کے اس عظیم ترین فرض کی پکار سناتے ہیں کہ جو کل ساری دنیا کے معبودِ حقیقی سے ملاقات کے دن اس معاملے میں سرخروئی کی خوشی حاصل کرنا چاہتے ہیں اس مقدس ترین کام میں تعاون کر کے اپنے نامۂ اعمال کو ایک بلند ترین نیکی سے آراستہ فرمائیں۔ اعزازی خریداری کی رقم پانچ سو (۵۰۰) روپے سالانہ سے سو (۱۰۰) روپے سالانہ تک ___ عام خریداروں کی رقم محض پانچ روپے سالانہ رکھی گئی ہے جو تقریباً لاگت کے بقدر ہے۔ اس لئے کہ اس رسالے سے ہمارا مقصد اس سرائے فانی میں دولت کے ڈھیر لگا کر مرجانا نہیں ہے۔ وباللہ التوفیق!

(ایڈیٹر ماہنامہ مارگ دیپ روشنی پبلشنگ ہاؤس، خسرو باغ روڈ، رام پور (یوپی)



© rasailojaraid.com